UK Health Security Agency

# ہیپاٹائٹس A کے بارے میں

ہیپاٹائٹس A ایک متعدی بیماری ہے جو جگر کو متاثر کرتی ہے۔ اس کا کوئی خاص علاج نہیں ہے، لیکن زیادہ تر لوگ 6 ماہ کے اندر ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ کچھ نایاب کیسز میں، یہ سنگین جگر کی بیماری کا سبب بن سکتی ہے۔ حفاظتی ٹیکہ یعنی ویکسین لگوانا اور صفائی کا خاص خیال رکھنا اس بیماری سے بچنے کے بہترین طریقے ہیں۔

## وجوہات اور پھیلاؤ

ہیپاٹائٹس A ایک وائرس کی وجہ سے ہوتا ہے۔ یہ وائرس متاثرہ شخص کے فضلے یعنی پاخانے میں موجود ہوتا ہے۔ یہ وائرس سطحوں پر کئی گھنٹوں تک زندہ رہ سکتا ہے اور ہاتھوں یا کھانے پر زیادہ دیر تک قائم رہ سکتا ہے۔ یہ بیماری انسان سے انسان میں بہت آسانی سے پھیلتی ہے۔

## علامات

ہیپاٹائٹس A کی علامات میں شامل ہیں:

- تیز بخار
- فلو جیسی علامات
- بیمار محسوس ہونا
- یرقان (جلد اور آنکھوں کی سفیدی کا پیلا ہونا)
- خاکستری رنگ کا پاخانہ یا گہرے بھورے رنگ کا پیشاب

کچھ بچوں میں کوئی علامات ظاہر نہیں ہوتیں، لیکن وہ پھر بھی دوسروں کو یہ وائرس منتقل کر سکتے ہیں۔

## یہ وائرس کیسے لگتا ہے

آپ کو ہیپاٹائٹس A ہو سکتا ہے اگر آپ:

- گندا یا آلودہ پانی پیتے ہیں
- آلودہ یا جراثیم زدہ کھانا کھاتے ہیں
- کسی متاثرہ شخص سے قریبی جسمانی رابطہ رکھتے ہیں، جیسے جنسی تعلقات یا منشیات کے استعمال کے دوران سوئیوں کا اشتراک

## پھیلاؤ کو روکنا

اپنے ہاتھ صابن اور پانی سے اچھی طرح دھوئیں:

- بیت الخلا استعمال کرنے کے بعد
- کھانا کھانے یا تیار کرنے سے پہلے
- گندے ڈائپرز یا بیمار افراد اور ان کے کپڑوں کو سنبھالنے کے بعد

آپ کے علامات شروع ہونے کے بعد کے 7 دنوں میں یہ وائرس دوسروں تک پھیلنے کا سب سے زیادہ امکان ہوتا ہے۔

## حفاظتی ٹیکہ

آپ ہیپاٹائٹس A کے حفاظتی ٹیکے یعنی ویکسین لگوا سکتے ہیں اگر آپ:

- پچھلے 2 ہفتوں کے اندر کسی متاثرہ شخص سے قریبی جسمانی رابطے میں رہے ہیں
- ایسے ملک کا سفر کر رہے ہیں جہاں ہیپاٹائٹس اے عام ہے
- طویل مدتی جگر کی بیماری یا ہیموفیلیا کے مریض ہیں
- وہ مرد جو مردوں کے ساتھ جنسی تعلق رکھتے ہیں
- ایسے کام کرتے ہیں جہاں وائرس لگنے کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے، مثلاً سیوریج (گندے پانی) کے کام سے وابستہ افراد

## ہیپاٹائٹس A کے بارے مزید معلومات حاصل کےلیے

ہیپاٹائٹس اے اور اس کی علامات کے بارے میں مزید معلومات کےلیے این ایچ ایس (NHS) کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: nhs.uk/conditions/hepatitis-a/ یا QR کوڈ اسکین کریں۔

**یوکے ہیلتھ سیکیورٹی ایجنسی**
**صحت کے خطرات سے نمٹنے، ان کی روک تھام اور ان کا مقابلہ کرنے کی تیاری، زندگیاں بچانے اور روزگار کے تحفظ کےلیے پرعزم۔**